Www.brelvimazhab.weebly.com

بِئسَ المِهَاد لِمَن يُخلِفُ المِيعَاد

الملقب بہ

أليَومُ المَوعُود عَلىٰ نَاكِثِ العُهُود

تألیف

رئیس المُناظرین حضرت مولانا سیّد مُرتضیٰ حسن چاندپوری
ناظمِ تعلیمات و شعبہ تبلیغ دار العلوم دیوبند
خلیفہ مجاز حضرت حکیم الاُمت مولانا اشرف علی تھانوی

انجمنِ دعوتِ اہلسنّت وجماعت

أَوْفُوْا بِالْعَهْدِ إِنَّ الْعَهْدَ كَانَ مَسْئُوْلًا ۞

بئس المهاد لمن يخلف الميعاد

الملقب بہ

الیوم الموعود علیٰ ناکث العہود

جس میں مولوی احمد رضا خان صاحب بریلوی کا وہ نقضِ عہد و عہد خلافی و روپوشی بیان کی گئی ہے۔ جو متعلق معاہدہ محررہ ۷, ربیع الثانی ۱۳۲۸ھ کے خان صاحب سے وقوع میں آئی۔ یہ وہ معاہدہ ہے جو بڑے بڑے معزز حضرات جناب قاضی عبد الغنی صاحب منگلوری، جناب شیخ وحید الدین صاحب و جناب شیخ بشیر الدین صاحب رئیسان میرٹھ، و جناب منشی بہاؤ الدین صاحب کے دستخطوں سے مزین اور موثق کیا گیا ہے دیوبند کے بے نظیر جلسۂ دستار بندی میں یہ معاہدہ مرتب کیا گیا تھا مگر خان صاحب نے اُس سے ایسا فرار کیا کہ ذکر تک بھی نہیں کرتے۔